بسم اللہ الرحمٰن الرحیم   نحمدہٗ ونصلّی علٰی رسولہ الکریم   وعلٰی عبدہ المسیح الموعود

ڈاکٹر عبدالسلام رحمہ اللہ تعالیٰ

نوبیل نعام یافتہ سائنسدانوں میں بلند مقام

ماہرِ طبیعات اَور پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر مجاہد کامران کا ایک تفصیلی اَور معلومات افزا انٹرویو ''جنگ سنڈے میگزین مورخہ ۱۰ فروری ۲۰۰۸ء میں شائع ہوا ہے۔ایک سوال کے میں ڈاکٹر مجاہد کامران نے کہا کہ وہ دوتین شخصیات سے بہت متأثر ہیں۔''جن میں ایک ڈاکٹر عبدالسلام ہیں ۔۔۔

''پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام، ان کا مقام نوبیل انعام یافتہ سائنسدانوں میں بھی بہت بلند ہے۔اُن میں بے پناہ صلاحیتیں تھیں ۔انہیں مشرق ومغرب کی تاریخ پر عبور حاصل تھا۔وہ ادارہ ساز تھے اَور بہت اچھا لکھتے تھے۔مُجھے ڈاکٹر محمد افضل جو وفاقی وزیرِ تعلیم رہے انہوں نے بتایا تھا کہ جب میاں نواز شریف وزیرِ اعلیٰ پنجاب تھے، پروفیسر عبدالسلام نے اُن سے کہا کہ تم مجاہد کامران کو پنجاب یونیورسٹی کا وائس چانسلر کیوں نہیں بناتے۔''

(اَز انٹرویو ڈاکٹر مجاہد کامران مطبوعہ جنگ سنڈے میگزین 10 فروری 2008ء صفحہ 13 کالم 5)

نوائے وقت مورخہ 30 جنوری 2009ء کی ایک خبر

''پاکستان کے واحد نوبیل انعام یافتہ سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا 83واں یومِ پیدائش منایا گیا'' اَور خبر کی تفصیل میں یہ بھی درج ہے کہ

''بیماری کے آخری ایام میں ڈاکٹر عبدالسلام دو باتوں کا ذکر بہت کرتے تھے۔''

''قرآن مجید کی تعلیمات اَور پاکستانی عوام کی مشکلات''

(ملک محمد صفی اللہ خان قادیانی احمدی)